NOTIFICATION OF TESTING
Elementary Academic Screening Tests, Grades PreK-2

عزیز والدین اور سرپرست:

ورجینیا حکومت کو تمام اسکولوں میں ورجینیا لٹریسی ایکٹ (VLA) اور ورجینیا کنڈرگارٹن ریڈی نیس پروگرام (VKRP)* کے لیے اسیسمنٹس درکار ہیں ۔ یہ اسیسمنٹس ریاستی حکام کو ورجینیا بھر میں خواندگی اور اسکول کی تیاری کی ضروریات کو سمجھنے میں مدد کرتی ہیں ۔ مزید برآں ، گریڈ 1-2 میں ریاضی کا اسکرینر فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکول (FCPS) معاونت کے متعدد درجوں کے نظام (MTSS) کی ضرورت کو پورا کرتا ہے ۔ امتحان کے نتائج اساتذہ ، اسکول کے رہنماؤں ، اور والدین کو یہ جاننے میں بھی مدد کرتے ہیں کہ ہر طالبعلم کے سیکھنے اور ترقی میں کس طرح مدد کی جائے ۔ *تعلیمی اسکریننگ ، گروتھ ، اور تشخیصی یا ڈائیگناسٹک ٹیسٹ* کا ویب پیج (https://www.fcps.edu/academic-screening-growth-and-diagnostic-tests) ان ٹیسٹوں کے بارے میں مزید معلومات فراہم کرتا ہے ۔

Grade	Literacy Test	Mathematics Test
PreK -K	Virginia Language and Literacy Screening System (VALLSS)	Early Mathematics Assessment System (EMAS)
1-2	VALLSS	iReady Math

** EMAS کے علاوہ ، VKRP پری کے اور K کے اساتذہ سے یہ بھی تقاضا کرتا ہے کہ وہ چائلڈ بی ہیوئیر ریٹنگ اسکیل (CBRS) کا استعمال کرتے ہوئے طالبعلم کے ضبط نفس اور سماجی مہارتوں کا مشاہدہ کریں ۔*

اساتذہ خزاں ، سرما اور بہار میں VALLSS کے ذریعہ تمام PreK-2 طلبا وطالبات کی جانچ کرتے ہیں ۔ گریڈ PreK-K EMAS ٹیسٹس صرف خزاں اور بہار میں لیے جاتے ہیں ۔ گریڈ 1-2 میں ، تمام طلباء موسم خزاں اور بہار میں iReady ریاضی کا امتحان دیتے ہیں ، لیکن صرف وہ طلباء جن کا خزاں کا اسکور بینچ مارک سے کم ہے سردیوں میں دوبارہ امتحان دیں گے ۔ ٹیسٹ کلاس روم کے تدریسی بلاک کے اندر لیے جاتے ہیں ۔ اساتذہ ہر کلاس کیلئے ٹیسٹ کی مخصوص تاریخیں طے کرتے ہیں ۔ مطلوبہ اسکریننگ کے لیے عمومی وقت *گریڈ لیول ٹیسٹ* کے ویب پیج (https://www.fcps.edu/academics/student-tests-assessments/grade-level-tests) پر دستیاب ہے ۔

تعلیمی اسکریننگ کے نتائج کی بنیاد پر، کچھ طالبعلموں کو مطالعے کے منصوبے یا ریاضی کی بہتری کے منصوبے کی ضرورت پڑ سکتی ہے ۔ بعض طلباء کو اضافی تشخیصی یا ڈائیگناسٹک ٹیسٹ کی ضرورت پڑسکتی ہے تاکہ اساتذہ کو اعانت کیلئے مخصوص شعبوں کا تعین کرنے میں مدد مل سکے ۔ اگر آپ کو علمی اسکریننگ ، ترقی ، یا تشخیصی ٹیسٹوں کے بارے میں سوالات پوچھنے ہیں ، تو براہ مہربانی اپنے طالبعلم کے استاد یا اسکول کے ٹیسٹ کوآرڈینیٹر سے رابطہ کیجیئے ۔